© rasailojaraid.com



نماز اوران احادیث میں کوئی اختلاف نہیں کیونکہ ان احادیث میں یہ نہیں کہ یہی پڑھو۔ جو دعائیں اور درود مروج ہیں، ان کا ثبوت بھی احادیث سے ملتا ہے۔ کوئی عالم یہ نہیں کہتا کہ احادیث والی دعائیں منع ہیں۔

(باقی آئندہ ان شاء اللہ)

---

# ضروری گزارشات

● پریس ڈیکلریشن کا مرحلہ تکمیل تک پہنچتے پہنچتے اتنی تاخیر ہو چکی تھی کہ ہر ممکن کوشش کے باوجود اکتوبر کا شمارہ بہت لیٹ ہو جاتا۔ اس لئے اکتوبر، نومبر کا شمارہ اکٹھا کر دیا گیا ہے۔ اب اس شمارے سے ترجمان کی اشاعت میں باقاعدگی آجائے گی اور آئندہ ان شاء اللہ قارئین کو اس سلسلہ میں کوئی شکایت نہ ہوگی۔

● بہت سے احباب کی مدت خریداری اس شمارے کے بعد ختم ہو جائے گی۔ بطور اطلاع ان کے نام آنے والے پرچے پر "آپ کا چندہ ختم ہے" کی مہر لگا دی گئی ہے۔ اپنا پرچہ چیک کر لیں اور نوٹ فرمالیں کہ اس اطلاع کے بعد، پندرہ دن کے اندر اندر، آئندہ خریداری جاری رکھنے کی صورت میں سالانہ زرِ تعاون بذریعہ منی آرڈر روانہ فرمادیں یا اگلے ماہ (دسمبر کا شمارہ) بذریعہ وی پی پی وصول کرنے کے لئے تیار رہیں ——— اور (خدانخواستہ) آئندہ خریداری جاری نہ رکھنے کی صورت میں دفتر کو اطلاع دیں کہ وی پی پی روانہ نہ کیا جائے، ورنہ بعد میں کوئی معذرت قابلِ قبول نہ ہوگی۔ یاد رکھئے وی۔پی۔پی واپس کرنا اخلاقی جرم ہے

● بعض اوقات تازہ پرچہ محفوظ رکھنے کی خاطر وی پی پیکٹ میں پرانا پرچہ ارسال کر دیا جاتا ہے، اور وی پی پی وصول ہونے کے فوراً بعد تازہ پرچہ عام ڈاک سے روانہ کر دیا جاتا ہے۔ لہٰذا اسے کسی بددیانتی پر محمول نہ کیا جائے۔ والسلام!

منیجر

© rasailojaraid.com